AJK-12-G1-19

رول نمبر

(☆☆☆) (حصہ معروضی) (گروپ اول) اُردو (لازمی)

جوابی کاپی کا سیریل نمبر

انٹرمیڈیٹ (پارٹ-II) 019/1

دستخط امیدوار | فرضی رول نمبر (دفتری استعمال کیلئے) | دستخط نائب ناظم / ناظمہ مرکز

# انٹرمیڈیٹ (پارٹ - II) 019/1

## اُردو (لازمی) (گروپ اول) (حصہ معروضی)

(☆☆☆)

وقت: 20 منٹ

کل نمبر: 20

نوٹ: اپنا رولنمبر اور دستخط اسی پرچہ میں دی گئی جگہ پر ثبت کیجئے۔ تمام سوال اسی کاغذ پر ہر سوال کے سامنے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کیجئے۔ کاٹ کر / مٹا کر یا پنسل سے تحریر کردہ جواب کا کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

1- ہر سوال کے دیئے ہوئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب پر ٹک ( ✓ ) کا نشان لگائیں۔ (20)

| نمبر شمار | سوالات | جوابات ا | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | نواب محسن الملک نے ریاست حیدر آباد کا بجٹ کس ملک کے نمونے پر بنایا۔ | سعودی عرب | چین | ترکی | مصر |
| 2 | ایوب عباسی نے مصنف کو کیا پہننے کا مشورہ دیا تھا۔ | پتلون | شیروانی | کوٹ | کرتا |
| 3 | حضرت عمر بن عبدالعزیز کے غلام کا نام تھا۔ | مسلمہ | ولید | مزاحم | عبدالملک |
| 4 | احتیاج اور افلاس کے بیٹے کا نام تھا۔ | مشورہ | خسرو آرام | تدبیر | محنت پسند خرد |
| 5 | شاہد احمد دہلوی نے مولوی نذیر احمد کو آخری بار کس عمر میں دیکھا | پانچ برس | چھ برس | سات برس | آٹھ برس |
| | مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے دیئے گئے چار ممکنہ جوابات میں درست جواب کو ( ✓ ) ٹک کریں۔ | | | | |
| 6 | تبلیغی جماعت جا۔۔۔۔ | رہی ہے | رہے ہیں | رہی ہیں | رہیں ہیں |
| 7 | اکرم نے کتاب، قلم اور کاپی۔۔۔۔ | خریدے | خریدی | خریدا | خریدیں |
| 8 | مجھے تنگ نہ کرو۔۔۔۔۔ میں چلا جاؤں گا۔ | اگرچہ | چونکہ | لیکن | ورنہ |
| 9 | اس کو تو۔۔۔۔۔ سانپ سونگھ گیا ہو۔ | ایسے | ویسے | جیسے | کیوں کر |
| 10 | گھرماں کی سلطنت۔۔۔۔۔ | ہوتی ہے | ہوتا ہے | ہوتے ہیں | ہوتی ہیں |
| | رموز اوقاف کو مدنظر رکھتے ہوئے دیئے گئے چار ممکنہ جوابات میں درست جواب کو ( ✓ ) ٹک کریں۔ | | | | |
| 11 | واہ۔۔۔۔۔ کیا شعر ہے، علامت ہوگی۔ | فجائیہ | وقفہ | رابطہ | تفصیلیہ |
| 12 | اکرم۔۔۔ اسلم۔۔۔ سلیم اور کلیم بازار گئے۔ علامت ہوگی۔ | وقفہ | سکتہ | سوالیہ | ختمہ |
| 13 | رابطہ کی علامت یہ ہے۔ | :- | ؛ | ، | ! |
| 14 | کسی کا قول ہو بہو نقل کرنا ہو تو علامت لگاتے ہیں۔ | قوسین | سوالیہ | ختمہ | واوین |
| 15 | کسی چیز کی تفصیل بیان کرنے کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے | : | :- | ! | ؟ |

امدادی افعال کے حوالے سے دیئے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جملے کو ( ✓ ) ٹک کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | جانا | بازار جاؤ | وہ روز جاتا ہے | سامان لیتے جانا | وہ بازار گیا |
| 17 | پانا | اس نے محنت کا پھل پایا | وہ وقت پر نہ پہنچ پایا | نیکی کر وا جر پاؤ | اس نے کیا کھویا کیا پایا |
| 18 | لگنا | کوئی کہاں لگی | ٹی وی لگا | کیسا لگا | پڑھنے لگا |
| 19 | رہنا | وہ ہوسٹل میں رہتا ہے | وہ میرے پاس رہا | وہ ہوسٹل میں رہ رہا ہے | وہ گھر رہنے لگا |
| 20 | آنا | وہ آیا | وہ آئے | تم کب آؤ گے | سبق پڑھ آؤ |

(ختم شد)

ParhloPakistan.com

AJK-12-G1-19

019/1

انٹر میڈیٹ

اُردو (لازمی)

رول نمبر ..........

وقت: 2:40 گھنٹے

کل نمبر: 80

پارٹ - II

(حصہ انشائیہ)

(گروپ اوّل)

## (حصہ اوّل)

2- درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10=1+1+8)

(الف) اے ہم نشین! کلام ہرا لا کلام ہے — سُن! زندگی تحیرِ پیہم کا نام ہے

راتوں کو ہے سحر کی تجلّی کا انتظار — ہے ہر صدا فراقِ خموشی میں بے قرار

ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10=1+9)

بھری دنیا میں جی نہیں لگتا — جانے کس چیز کی کمی ہے ابھی

تو شریکِ سخن نہیں ہے تو کیا — ہم سخن تیری خامشی ہے ابھی

شہر کی بے چراغ گلیوں میں — زندگی تجھ کو ڈھونڈتی ہے ابھی

## (حصہ دوم)

3- درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (15=1+1+3+10)

(الف) ''بنوامیہ کے دفترِ اعمال میں سب سے زیادہ قوم کو برباد کرنے والا یہ واقعہ ہے کہ اُنھوں نے آزادی اور حق گوئی کا استیصال کر دیا تھا۔ عبدالملک نے تخت پر بیٹھ کر حکم دیا تھا کہ کوئی شخص میری کسی بات پر روک ٹوک نہ کرنے پائے اور جو شخص ایسا کرے گا سزا پائے گا اگرچہ اس پر بھی آزادی پسند عرب کی زبانیں بند نہ ہوئیں تاہم بہت کچھ فرق آ گیا تھا۔ عمر بن عبدالعزیزؒ نے اس بدعت کو بالکل مٹا دیا۔ وہ نہایت متدین اور راست باز شخص اس کام پر مقرر کیے کہ عدالت کے وقت ان کے پاس موجود رہیں اور ان سے جو غلطی سرزد ہو فوراً ٹوک دیں۔''

ب) '' ہم نے اکثر شاعروں کو دیکھا ہے کہ شعر کہنا چاہتے ہیں تو شفاالملک حکیم فقیر محمد صاحب چشتی سے رجوع کرتے ہیں اور ہفتے بھر کا مُسہل لے لیتے ہیں اور پھر فی یوم ایک شعر کے حساب سے کہتے چلے جاتے ہیں، یہ نہیں کرتے تو بیوی کو پیٹتے ہیں یا اس سے پٹتے ہیں، بچوں کو جھڑکتے ہیں، ذرا گھر میں شور ہوا اور وہ سر کے بال نوچنے لگے۔ ''ہائے عنقائے مضمون دام میں آ کے چلا گیا'' ''کم بختو! ملعونو! تمہارے شور نے اُسے اڑا دیا'' مولانا ظفر علی خان کا یہ حال نہیں، جس طرح ہم اور آپ نثر لکھتے ہیں اسی طرح وہ شعر کہتے چلے جاتے ہیں۔

4- درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10=1+9)

(i) مناقب عمر بن عبدالعزیزؒ (ii) ہوائی

5- اسرار الحق مجاز کی نظم ''نوجوان سے خطاب'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (05)

6- مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

(i) پاک چین دوستی (ii) دہشت گردی: ایک اہم قومی مسئلہ (iii) پاکستان میں نئے آبی ذخائر کی ضرورت

7- دوست کو خط لکھ کر بھائی کی شادی میں شرکت کی دعوت دیجیے۔ (10)

(ختم شد)

ParhloPakistan.com